


عبدالحمید - ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب، لاہور

# گندم

## کھادوں کا استعمال

- ❖ بقیہ نائٹروجنی کھاد دوسرے پانی کے ساتھ مکمل کریں

## آبپاشی

- ❖ گندم کی فصل کو مناسب وقت پر آبپاشی نہایت ضروری ہے۔ مناسب وقت پر آبپاشی فصل کے اگاؤ کو بہتر بناتی ہے، جڑوں کو مظبوط بناتی ہے شگوفے زیادہ بنتے ہیں اور پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے اگر گندم کی فصل کو نازک اوقات مثلاً شگوفے بنتے وقت، پھول نکلتے وقت اور دانے کی دودھیا حالت پر کمی آجائے تو پیداوار کم ہوجاتی ہے۔
- ❖ کپاس، مکئی اور کماد کے بعد کاشتہ گندم کو دوسرا پانی بوائی کے 80 تا 90 دن بعد لگائیں۔
- ❖ دھان کے بعد کاشتہ گندم کو دوسرا پانی بوائی کے 80 تا 90 دن بعد لگائیں۔
- ❖ پچھیتی کاشتہ فصل کو دوسرا پانی بوائی کے 70 تا 80 دن بعد لگائیں۔
- ❖ تھل کے علاقہ جات میں دوسرا پانی 40 تا 45 دن بعد اور تیسرا پانی 70 تا 75 دن بعد لگائیں۔

## جڑی بوٹیوں کی تلفی

گندم کی فصل میں چوڑے پتے والی اور نوکیلے پتے والی یعنی گھاس نما جڑی بوٹیاں اگتی ہیں۔ لہذا ان کی مناسبت سے جڑی بوٹی مار زہر کا انتخاب کریں۔ پہلے پانی کے بعد چوڑے پتے والی جڑی بوٹیوں کے لئے سفارش کردہ زہر استعمال کریں۔ دوسرے پانی کے بعد نوکیلے پتے والی جڑی بوٹیوں کے لئے سپرے کی جائے۔ دونوں قسم کی جڑی بوٹیوں کو ختم کرنے والی زہریں بھی میسر ہیں جو تقریباً 40 تا 45 دن کی فصل پر کی جاسکتی ہیں۔ گندم کی فصل میں پائی جانے والی چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لیے پہلی آبپاشی کے بعد وتر حالت میں مخصوص زہریں سفارش کردہ مقدار میں 100 تا 120 لٹر پانی میں ملا کر سپرے کریں۔ جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کے لیے ٹی جیٹ یا فلیٹ فین نوزل استعمال کریں۔ سپرے کے بعد گوڈی یا بار ہیرو استعمال نہ کریں۔ جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کے لیے دوپہر کا وقت زیادہ موزوں ہے۔ تیز ہوا، دھند یا بارش کی صورت میں ہرگز سپرے نہ کریں۔ سپرے کے دوران کسی جگہ پر دو بار سپرے نہ کریں اور نہ ہی کھیت کی کوئی جگہ خالی رہنے دیں۔ سپرے کے بعد جڑی بوٹیوں کو چارہ کے طور پر ہرگز استعمال نہ کریں۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے مندرجہ ذیل جڑی بوٹی مار زہریں محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورہ سے استعمال کریں۔

### چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کو کنٹرول کرنے والی جڑی بوٹی مار زہریں

| نمبر شمار | اصل زہر | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| .1 | ٹرائی سلفوران 75% WG | 16 گرام |
| .2 | برومو کسنل + ایم سی پی اے 60 EC | 300 ملی لٹر |
| .3 | فلوراکسی پائیر + ایم سی پی اے 50EC | 375 ملی لٹر |
| .4 | فلوراسولم + امائنو پائرالڈ 45WG | 12.5 گرام |

| | | |
|---|---|---|
| 5. | میٹ سلفوران میتھائل+ٹرائی بینوران میتھائل 28.6 WDG | 14 گرام |
| 6. | فلوراکسی پائرمیپٹائل+ٹرائی بینوران میتھائل 20 WP | 400 گرام |
| 7. | فلوراکسی پائر+فلوراسولم+ایم سی پی اے آئسواوکٹائل 48%SC | 400 ملی لٹر |
| 8. | کلور پائرالڈ+فلوراکسی پائر+ٹرائی بینوران میتھائل 66% WDG | 150 گرام |
| 9. | ٹرائی بینوران میتھائل+فلوراسولم 75% WG | 24 گرام |
| 10. | کلور پائرالڈ+فلوراکسی پائر+ایم سی پی اے 56%EC | 300 ملی لٹر |
| 11. | فلوراکسی پائرمیپٹائل+روموکسنل+ایم سی پی اے آئسواوکٹائل 52% SC | 300 ملی لٹر |
| 12. | فلوراسولم+کارفینٹرازون ایتھائل+فلوراکسی پائرمیپٹائل 21% SE | 200 ملی لٹر |

نوٹ: پہلے پانی کے بعد تر وتر حالت میں جب چوڑے پتے والی جڑی بوٹیاں دو تا تین پتے کی حالت میں ہوں تب سپرے کریں۔

## نوکیلے پتوں والی جڑی بوٹیوں کو کنٹرول کرنے والی جڑی بوٹی مار زہریں

| نمبر شمار | اصل زہر | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| 1. | کلوڈینافاپ پراپرجائیل WP 15 | 120 گرام |
| 2. | کلوڈینافاپ پراپرجائیل EC20 | 120 ملی لٹر |
| 3. | فیناکساپراپ پی ایتھائل 7.5 EW | 500 ملی لٹر |
| 4. | پناکساڈین 50EC | 330 ملی لٹر |

| | | |
|---|---|---|
| 5. | ٹرالاکسڈیم+فیناکساپراپ پی ایتھائل+کلوڈینافاپ پراپرجائیل 14.5%EC | 500 ملی لٹر |
| 6. | کلوڈینافاپ +فلوکاربازون سوڈیم 13.5OD | 300 ملی لٹر |
| 7. | سلفوسلفیوران 75% WG | 13.6 گرام |

نوٹ: یہ زہریں بجائی کے چالیس دن بعد یا دوسرا پانی لگنے کے بعد نوکیلے پتے والی جڑی بوٹیاں اُگ آنے پر سپرے کریں۔

## نوکیلے اور چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کو کنٹرول کرنے والی جڑی بوٹی مار زہریں

| نمبر شمار | اصل زہر | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| 1. | میزوسلفیوران میتھائل+آئیڈوسلفیوران 6%WG | 100 گرام |
| 2. | پائراکسولم 45OD | 150 ملی لٹر |
| 3. | آئسوپروٹران+بینسلفیوران 70 WP | 600 ملی گرام |
| 4. | میزوسلفیوران میتھائل+فلووراسولم+فلوراکسی پائر 26%OD | 120 ملی لٹر |
| 5. | میزوسلفیوران میتھائل+فلووراسولم+ایم سی پی اے 25OD | 400 ملی لٹر |
| 6. | ڈائفلوفینی کان+آئسوپراٹیوران 60% WP | 600 گرام |
| 7. | میزوسلفیوران میتھائل+ایم سی پی اے+سلفوسلفیوران WP 28.25% | 320 گرام |
| 8. | سلفوسلفیوران+میزوسلفیوران میتھائل 10.5%WDG | 150 گرام |

**نوٹ:** یہ زہریں پہلے پانی کے بعد جب فصل کم وتر حالت میں ہو، تب سپرے کریں اور دوہرا سپرے کرنے سے اجتناب کریں نیز ریتلی کلراٹھی زمینوں پر یہ سپرے ہرگز نہ کریں۔

## سلائی سٹی اور تمام اقسام کی جڑی بوٹیوں کے لیے جڑی بوٹی مار زہریں

| نمبر شمار | اصل زہر | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| 1 | سائپروفلوآن+آئیسو پروٹیوران 25 OD | 1100 ملی لٹر |

**نوٹ:** یہ زہر پہلے پانی کے بعد تر وتر کی حالت میں سپرے کریں اور دوہرا سپرے کرنے سے اجتناب کریں۔

## کپاس

- گلابی سنڈی کپاس کے بیجوں میں یا جننگ فیکٹریوں میں موجود کچرے میں یا کھیتوں کے کنارے پڑی کپاس کی چھڑیوں کے ساتھ ان کھلے ٹینڈوں میں موجود ہوتی ہیں ان کو ہر صورت تلف کریں۔
- گلابی سنڈی کی تلفی کے لیے کپاس کے کھیتوں میں مٹی پلٹنے والا ہل چلا کر متاثرہ ٹینڈوں کو تلف کریں۔

## چنا

- چنے کی فصل میں جڑی بوٹیوں کی تلفی جاری رکھیں۔
- چنے کی فصل کو پانی کی کم ضرورت ہوتی ہے۔ حسب ضرورت پھول آنے پر پانی لگائیں۔
- آبپاش علاقوں میں اگر کثرت کھاد، اگیتی کاشت یا بارش کی وجہ سے فصل کا قد بڑھ رہا ہو تو مناسب حد تک سوکا دیں یا کاشت کے دو ماہ بعد شاخ تراشی کریں۔

## سورج مکھی

- بھاری میرا زمین سورج مکھی کی کاشت کے لیے بہت موزوں ہے۔ سیم زدہ، کلراٹھی اور بہت ریتلی زمین اس کے لیے موزوں نہیں ہے۔
- ہائبرڈ اقسام عام اقسام کی نسبت زیادہ پیداوار دیتی ہیں اس لیے اچھی شہرت کی حامل کمپنیوں کے ہائبرڈ بیج اپنے علاقے کی مناسبت سے کاشت کریں۔
- سورج مکھی کی سفارش کردہ اقسام ایگوارا 4، این کے آرمنی، یوالیس 666، پارسن 3، آگسن 5270، ان کے ایس 278، اوریسن 648، اوریسن 516، اوریسن 675، اوریسن 701، اوریسن 741، اوریسن 751، نارک سن، آر جی ٹی وولف اور رائینا کاشت کریں۔
- جنوبی اور وسطی پنجاب کے اضلاع میں 31 جنوری تک اور شمالی پنجاب کے اضلاع میں 15 فروری تک کاشت مکمل کریں۔
- سورج مکھی کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے فصل کو قطاروں میں کاشت کریں۔ قطاروں کا درمیانی فاصلہ اڑھائی فٹ اور پودوں کا درمیانی فاصلہ 9 انچ رکھیں۔
- اچھے اُگاؤ والے صاف ستھرے دوغلی (ہائبرڈ) اقسام کے بیج کی فی ایکڑ مقدار 2 کلوگرام رکھیں۔
- فصل کو زمین میں موجود اور بیج کے اندر پائی جانے والی فنجائی سے لگنے والی بیماریوں سے بچانے کے لیے بوائی سے پہلے مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پھپھوندی کش/کرم کش زہر لگائیں۔

| نمبر شمار | زہر کا نام | مقدار زہر | پانی کی مقدار |
|---|---|---|---|
| .1 | مفنی نو کسم 37.5 گرام/لٹر+فلوڈی اوکسائل 12.5 گرام/لٹر+ایزوکسی اسٹروبین 75 گرام/لٹر | 3 ملی لٹر فی کلوگرام بیج | 25 ملی لٹر پانی |
| .2 | امیڈاکلوپرڈ 360 گرام/لٹر+ٹیبوکونازول 12.5 گرام/لٹر | 10 ملی لٹر فی کلوگرام بیج | 25 ملی لٹر پانی |
| .3 | تھائیامیتھا کسم 22.4%+فلوڈی اوکسائل 0.8%+ ڈائی فینا کونازول 0.8% | 4 ملی لٹر فی کلوگرام بیج | 30 ملی لٹر پانی |

بوائی کے وقت کمزور زمین میں پونے دو بوری ڈی اے پی + ایک بوری ایس او پی اور اوسط زرخیز زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی اور ایک بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔

## بہاریہ مکئی

- میرا بھاری اور گہری زرخیز زمین جس میں نامیاتی مادہ کی مقدار بہتر ہو اور پانی جذب کرنے کی صلاحیت اچھی ہو۔مکئی کی کاشت کے لیے نہایت موزوں ہے۔ریتلی، سیم زدہ اور کلراٹھی زمین اسکی کاشت کے موزوں نہیں۔
- شرح بیج 8 تا 10 کلو بیج فی ایکڑ رکھیں
- بیج کو پھپھوندی کش/حشرات کش زہر لگا کر کاشت کریں۔
- مکئی کی کاشت 15 جنوری سے 15 فروری تک مکمل کریں۔
- فصل کے اچھے اگاؤ اور بڑھوتری کے لیے کھیت کا اچھا تیار ہونا بہت ضروری ہے۔اگر زمین میں سخت تہہ موجود ہو تو اسے توڑنے کے لیے گہرا ہل چلائیں۔

## باغات (آم)

- کورے سے بچاؤ کی تدابیر جاری رکھیں۔
- نئے باغات لگانے کے لیے گڑھے کھودیں۔
- گدھیڑی کے خلاف کنٹرول جاری رکھیں۔
- آبپاشی کے لیے بند اور کھالے بنائیں۔
- کیڑوں اور پھپھوندی کش زہروں کا انتظام کریں۔
- نئے باغات لگانے کے لیے اعلیٰ قسم کے پودوں کا انتظام کریں۔
- زمین کا تجزیہ کروائیں اور کھادوں کی مقدار کا تعین کریں۔

## ترشاوہ پھل

- بیمار، سوکھی اور غیر ضروری شاخوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔
- کنوں، چائنہ لیموں اور دیگر اقسام کی برداشت جاری رکھیں۔
- نئے باغات لگانے کے لیے زمین کی تیاری کریں اور 3×3×3 کے گڑھے کھودیں اور 15 دن کے لئے کھلے رکھیں۔
- گڑھوں میں ایک فٹ اوپر والی گڑھے کی مٹی ایک حصہ بھل اور ایک حصہ گلی سڑی گوبر کی کھاد ملا کر بھر دیں بعد میں پانی لگا کر جگہ ہموار کریں۔
- تسلی بخش پودے خریدنے کے لیے اچھی نرسری کا انتخاب کریں۔
- اس پندرھواڑے میں فاسفورس، پوٹاش والی اور اجزائے صغیرہ والی کھادیں ڈال سکتے ہیں۔
- کھاد ڈالنے کے بعد آبپاشی ناگریز ہے۔